(6 pages)

DECEMBER 2022 **U/ID 33277/ULF2A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

SECTION A – (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

۱۔ ''کفن'' کس کا لکھا ہوا افسانہ ہے؟

۲۔ آنندی کے دیور کا کیا نام تھا؟

۳۔ ذکیہ کو کیا بیماری ہوگئی تھی؟

۴۔ جامن کے پیڑ کے نیچے دبے ہوئے شخص کو غذا کون پہنچاتا تھا؟

۵۔ بھولا کا ماموں ہر سال کس لئے آتا تھا؟

۶۔ نادر اور جمیل میں کیا رشتہ تھا؟

۷۔ احسان صاحب کی بیوی اور ثروت میں کیا فرق تھا؟

۸۔ مسجد میں آٹھواں پنکھا کیوں نہیں لگایا گیا؟

۹۔ راشدہ چاچی کو اپنی بہوؤں سے کیا شکایت تھی؟

۱۰۔ ''برف گزیدہ لوگ'' سے کیا مراد ہے؟

۱۱۔ ''ضمیر'' کی کتنی قسمیں ہیں۔

۱۲۔ ''صفت'' کی تعریف بیان کیجئے۔

SECTION B – (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے سوالوں میں سے کسی پانچ اقتباسات کا بحوالہ متن تشریح کیجئے۔

۱۳۔ ''آپ جو جی چاہے سمجھیں۔ گاوں والے جو دل میں آئے کہیں۔ مگر میں اس پاجی کی نماز جنازہ نہ پڑھاوں گا۔''

۱۴۔ ''میکے میں تو چاہے گھی کی ندی بہتی ہو۔''

۱۵۔ ''معلوم ہوتا ہے بچے گی نہیں۔ سارا دن تڑپتے ہو گیا۔ جا دیکھ تو آ''

۱۶۔ حیرت ہے اس سمے جب ہم درخت اگاو اسکیم بڑے پیمانے پر چلا رہے ہیں، ہمارے ملک میں ایسے سرکاری افسر موجود ہیں جو درختوں کو کاٹنے کا مشورہ دیتے ہیں۔''

۱۷۔ ''میں یہ سوچتے ہوئے چلا آیا کہ احسان صاحب کی نوکرانی اگر اتنی خوبصورت ہے تو ان کی بیوی کیسی ہوگی؟''

۱۸۔ ''نادر، تم میرے لئے اچھے دوست تھے۔ لیکن مجھے معلوم نہ تھا کہ تم میری بیوی کے لئے بھی اچھے دوست ثابت ہوگے۔''

۱۹۔ ''دن کو کہانی سنانے سے مسافر راستہ بھول جاتے ہیں۔''

SECTION C – (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
جواب پانچ سوالفاظ سے کم نہ ہو۔

۲۰۔ افسانہ ''نورونار'' میں علی عباس حسینی نے کیا کش مکش بیان کی ہے؟ وضاحت کیجئے۔

۲۱۔ افسانہ ''جامن کا پیڑ'' میں کرشن چندر نے سرکاری دفتروں پر کیا نکتہ چینی کی ہے؟ تفصیل لکھئے۔

۲۲۔ شبیب احمد کاف نے اپنے افسانہ ''آٹھواں پنکھا'' میں کیا تاثر پیش کیا ہے؟ تبصرہ کیجئے۔

۲۳۔ اردو میں بے جان اشیاء کی تذکیر وتانیث کے قاعدے بیان کیجئے۔

۲۴۔ ذیل کی انگریزی عبارت کا سلیس اور با محاورہ اردو زبان میں ترجمہ کیجئے :

In a democratic government people enjoy a great deal of liberty. But liberty in democracy does not mean a license to do anything. People should not misuse the rights and duties. They can criticise the Government. But they should not create lawlessness in the country. Our great leaders stressed the need of discipline among the citizens. Discipline and democracy go hand in hand together. Abraham Lincoln defined democracy as the government of the people, by the people and for the people. Therefore in a democratic government people are all powerful.
